ادارہ

تعارف وتبصرہ کتب

- **الدعوت الی القران** مؤلف: مولانا محمد یوسف قریشی مرحوم

ضخامت: ۳۲ صفحات ناشر: موتمر المؤلفین جامعہ اشرفیہ پشاور

شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف قریشی مرحوم ایک جید عالم دین اور نامور مصنف تھے، موصوف کی اس سے قبل بھی کئی کتابیں اہل علم سے داد تحسین وصول کر چکے ہیں اور زیر تبصرہ کتاب ''الدعوت الی القرآن'' بھی اپنے موضوع پر ایک اچھی کوشش ہے، قرآن کی طرف لوگوں کی رہنمائی اور قرآن کی طرف دعوت اس کا خاص موضوع ہے، اس موضوع پر انہوں نے قرآنی دلائل کی روشنی میں بحث کی ہے اور بعد میں فضائل قرآن پر چالیس احادیث کا اہتمام بھی کیا اور اس کی نفیس شرح بھی فرمائی (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

- **ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن اور ان کی علمی و تصنیفی خدمات** ضخامت: ۱۸۵ صفحات

مؤلف: پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد ناشر: مکتبہ حامدیہ نواں شہر ایبٹ آباد

قاری فیوض الرحمٰن صاحب علمی دنیا میں جانی پہچانی شخصیت ہیں، کئی کتابوں کے مصنف ہیں، زیر تبصرہ کتاب میں پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد نے ان کی علمی و تصنیفی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے سوانحی حالات بھی مفصل انداز میں بیان کئے ہیں اور ان کے قلم سے نکلے ہوئے جواہر پاروں کا ایک مفصل اشاریہ بھی مرتب کیا۔ اپنے موضوع پر ایک اچھی کتاب ہے، یقیناً یہ اشاریہ اہل علم کیلئے مدومعاون ثابت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کو مزید علمی خدمات کی توفیق دے۔ (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

- **تذکرہ حضرت درخواستی کتب و رسائل میں** مؤلف: پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد

ضخامت: ۱۰۰ صفحات ناشر: مکتبہ حامدیہ نواں شہر ایبٹ آباد

زیر تبصرہ کتابچہ حافظ الحدیث مولانا عبداللہ درخواستی نور اللہ مرقدہ کے متعلق ہے جس میں مرتب موصوف نے حضرت مولانا عبداللہ درخواستی کے متعلق جہاں جہاں اور کسی بھی رسالے اور اخبار میں جو کچھ شائع ہوا ان سب کو جمع کر کے ایک مفصل اشاریہ مرتب کیا۔ یہ کاوش یقیناً ایک قابل قدر علمی و تحقیقی سوغات ہے جس سے عاشقان درخواستی محظوظ ہوئے بغیر نہیں رہ سکیں گے۔ (مبصر: اسلام حقانی)